# 2019 ضلعی کونسل کے عام انتخابات کے بارے میں مختصر معلومات

## الیکشن کے بارے میں ہدایات

### پولنگ کا دن اور گھنٹے

- پولنگ کا دن: 24 نومبر 2019 (اتوار)
- پولنگ کے گھنٹے: 7:30 a.m. سے 10:30 p.m. ( ما سوائے جیلوں میں واقع مختحص پولنگ اسٹیشنز جہاں پولنگ کے گھنٹے: 9:00 a.m. سے 4:00 p.m.)

### نامزدگی کی مدت

- امیدوار کی نامزدگی کی مدت: 4 سے 17 اکتوبر 2019
- نامزدگی کے فارم اندراج اور انتخابی دفتر("REO") کی ویب سائٹ (www.reo.gov.hk) سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں یا مندرجہ ذیل دفاتر سے لیے جا سکتے ہیں

(a) ضلعی دفاتر

(b) ریٹرنگ آفیسرکے دفتر

(c) (10/F ، ہاربر سینٹر، 25 ہاربر روڈ، وان چائی، ہانگ کانگ یا یونٹ 2301-03 , 23/F , ملینیم سٹی 6 , 392 کن تھنگ روڈ، کن تھنگ، کولون) REO کے دفاتر پر دستیاب ہیں۔

### کون ووٹ ڈال سکتا ہے؟

- ہانگ کانگ کے مستقل رہائشی 18 یا اس سے اوپر عمر کے ، جو عام طور پر ہانگ کانگ میں رہائش پزیر ہیں وہ بطور ووٹر رجسٹر ہونے کے اہل ہیں۔
- ستمبر 2019 میں شائع ہونے والے جغرافیائی حلقوں کے لیے رجسٹرڈووٹرز جن کے نام ووٹروں کے حتمی اندراج میں شامل کیے گئے ہیں وہ انتخابات میں اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔

### ووٹ کیوں ڈالیں؟

- ضلعی کونسل ممبر کا انتخاب کرنا جو آپ کی دلچسپی کی نمائندگی کر سکے اور ضلعی امور کے بارے میں حکومت کو مشورہ دے سکے
- اپنے شہری حقوق استعمال کرنے اور اپنی شہری ذمہ داریوں کو نبھانے کے لیے ۔

**ووٹنگ کا نظام**

- ہر ووٹر انتخابی حلقہ میں صرف ایک امیدوار کو ووٹ دے گا۔ حلقہ میں سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ حاصل کرنے والے امیدوار کا انتخاب کیا جائے گا۔

**ووٹ کہاں ڈالیں؟**

- جس حد تك ممکن ہو سکے ہرووٹر کو فائنل رجسٹر آف الیکٹرز میں اندراج شدہ اسکے رہائشی پتے کے نزدیك ایك مختص پولنگ اسٹیشن دیا جائے گا ۔
- زیر حراست ووٹرز کو مناسب طور پر تعزیراتی اداروں یا تھانوں میں مختص کردہ پولنگ اسٹیشنوں پر ووٹ ڈالنے کا اہتمام کیا جائے گا۔
- پولنگ کے دن سے کم از کم 10 دن قبل ایک انفرادی ووٹر کو مختص کردہ پولنگ اسٹیشن کے بارے میں معلومات کا ایک پول کارڈ متعلقہ ووٹرز کو جاری کیا جائے گا۔
- آیا کہ مختص پولنگ اسٹیشن، وییل چیئر استعمال کرنے والے افراد یا چلنے پھرنے میں مشکلات کے شکار افراد کے لیے قابل رسائی ہے یا نہیں، پول کارڈ سے منسلك مقام کے نقشہ میں وضاحت دی جائے گی ۔ ووٹرز جو وییل چیئر استعمال کرتے ہیں یا انہیں چلنے پھرنے میں مشکلات درپیش ہوں اور انہیں لگے کہ مختص پولنگ اسٹیشن تك ان کے لیے رسائی ممکن نہیں، تو وہ REO کو وییل چیئر استعمال کرنے والے افراد یا چلنے پھرنے میں مشکلات کے شکار افراد کے لیے قابل رسائی مختص خاص پولنگ اسٹیشن میں ووٹ دینے کے لیے فیکس کے ذریعے (2891 1180)، ایمیل کے ذریعے(reoenq@reo.gov.hk) ، ٹیلی فون کے ذریعے (2891 1001) ، یا ڈاك کے ذریعے 10/F ، ہاربر سینٹر، 25 ہاربر روڈ، وان چائی، دفتر برائے اندراج اور انتخاب کو19 نومبر 2019(منگل) سے پہلے درخواست دے سکتے ہیں۔

**ووٹ کیسے دیں؟**

- اپنے مختص کردہ پولنگ اسٹیشن پر 24 نومبر 2019 (اتوار) کو پولنگ کے اوقات کے دوران(صبح 7:30 بجے سے 10:30 بجے تک) (براہ کرم تفصیلات کے لیے" بیلٹ پیپر جمع کرنے کے لیے درکار دستاویز( دستاویزات) "کا سیکشن ملاحظہ کریں) اپنا ہانگ کانگ شناختی کارڈ ("HKID") یا دیگر مخصوص دستاویزات (دستاویزات) کی اصل لائیں۔
- پولنگ اسٹیشن پر موجود پےلنگ کے عملہ کو اپنا HKID یا دیگر مخصوص متبادل دستاویز(دستاویزات ) دکھائیں جو ووٹر کی فائنل رجسٹر آف الیکٹرز سے آپ کی معلومات کی تصدیق کریں گے ۔
- آپ کو ایك بیلٹ پیپر، ایك کارڈ بورڈ بمع ایك "✓"(کے نشان) والی مہر دی جائے گی ۔
- آپ کو اپنا بیلٹ پیپر لازمی ووٹنگ کمرہ کے اندر نشان زد کرنا ہوگا۔ برائے مہربانی پولنگ عملے کی جانب سے دی گئی ہدایات کے ساتھ ساتھ بیلٹ پیپر پر چھپی ہوئی ہدایات اور کمرے میں موجود ہدایات پر عمل کریں۔
- آپ لازماً کارڈ بورڈ کے ساتھ منسلك مہر کو استعمال کرتے ہوئے بیلٹ پیپر پر اپنی پسند کے امیدوار کے نام کے سامنے دیئے گئے دائرے میں " ✓ " (کا نشان) لگائیں۔
- بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کے بعد برائے مہربانی بیلٹ پیپر کو بیلٹ بکس میں ڈالنے سے پہلے "✓" (کے نشان )کو چھپانے کے لیے ایك بار تہہ لگائیں تاکہ نشان زدہ حصہ اندر ہو؛

**ہدایات:**

(a) بیلٹ پیپر پرصرف ایک امیدوار کو ووٹ دیں۔

(b) آپ کو فراہم کردہ مہر کا استعمال کرنا چاہیے اپنے بیلٹ پیپر کو نشان زد کرنے یا اس میں ترمیم کرنے کی لیے قلم یا کوئی دوسرا ذریعہ استعمال نہ کریں۔ یہ آپ کے ووٹ کو غلط قرار دے گا۔ .

(c) اگر آپ بیلٹ پیپر پرمہر ثبت کرنے کے دوران غلطی کرتے ہیں یا جان بوجھ کر بیلٹ پیپر خراب کرتے ہیں تو ، آپ اسے پریذائڈنگ آفیسر کو واپس کر سکتے ہیں اور اس کا متبادل طلب کرسکتے ہیں۔

- اگر ووٹر کوووٹ ڈالنے کی معلومات کے ترجمہ میں مدد کی ضرورت ہے تو، وہ نسلی اقلیتوں کے مرکز ("CHEER")پر مندرجہ ذیل ہاٹ لائن پر 11 سے 15 نومبر2019 اور 18 سے 24 نومبر2019 کے دوران کال کر سکتے ہیں۔

| زبان | ہاٹ لائن نمبر |
|---|---|

| | |
|---|---|
| 3755 6811 | بھاسا انڈونیشیا |
| 3755 6877 | ہندی |
| 3755 6822 | نیپالی |
| 3755 6844 | پنجابی |
| 3755 6855 | تگا لوگ |
| 3755 6866 | تھائی |
| 3755 6833 | اردو |

**بیلٹ پیپرلینے کے لیے ضروری دستاویزات**

- 10دسمبر2018 سے مؤثر، بیلٹ پیپر کے لیے درخواست دینے والے شخص کو اپنا اصل ہانگ کانگ شناختی کارڈ (" HKID کارڈ") یا مندرجہ ذیل مخصوص متبادل دستاویزات دکھانے ہونگے، :

(a) ہانگ کانگ اسپیشل ایڈمنسٹریٹو ریجن ("HKSAR" )کا ایك اصل درست پاسپورٹ؛ یا

(b) استثنٰی سرٹیفکیٹ کی اصل؛ یا

(c) HKIDکارڈ کے لیے ایك درخواست کی تصدیق کی اصل؛ یا

(d) ایک شخص کی درست ملاح کی شناختی کتاب کی اصل؛ یا

(e) ویزا کے مقاصد کے لیے ایك شخص کی شناخت کے درست دستاویز کی اصل؛ یا

(f) شخص کےHKID کارڈ کی گمشدگی یا مسخ ہونے کے بارے میں پولیس افسر کو کی گئی رپورٹ کے ثبوت کی دستاویزیا استثنٰی سرٹیفکیٹ ؛ یا HKID کارڈ کے لیے درخواست کی تصدیق (جسے عام طور پر "گم شدہ پراپرٹی کی میمو" کہا جاتا ہے)، ایک درست اصل پاسپورٹ یا مماثل سفری دستاویز (مثلاً پاسپورٹ HKSAR پاسپورٹ کے علاوہ یا گھر کی واپسی کا اجازت نامہ) جس پر شخص کا نام اور تصویر لگی ہو

- تفصیلات کے لیے ، براہ کرم انتخابی امور کمیشن (ووٹنگ کے طریقہ کار) (ڈسٹرکٹ کونسلز) ریگولیشن (کیپ 541F) کے سیکشن 53 ملاحظہ کریں۔

**ووٹرز کے لیے  چیک لسٹ**

- مندرجہ ذیل اقدامات ممنوع ہیں:

(a) انتخابات میں ووٹ نہ ڈالنے کے لیے یا ایک مخصوص امیدوار کے لیے ووٹ ڈالنے کے لیے یا نہ ڈالنے کے لیے کسی شخص سے کوئی فائدہ (بشمول پیسہ، تحفہ، وغیرہ )، کھانا،پینا یا تفریح قبول کرنا یا مانگنا؛

(b) کسی خاص امیدوار کو ووٹ دینے یا نہ دینے کے لیے یا  کسی بھی فرد کو لالچ کے طور پر تفریح  یا انعام  انتخابات میں ووٹ نہ ڈالنے کے لیے یا  کسے بھی طرح کا  فائدہ (بشمول پیسہ ، تحفہ وغیرہ)  کھانا ، مشروبات کی پیشکش ؛

(c) کسی شخص کو انتخابات میں ووٹ ڈالنے یا ووٹ نہ  ڈالنے پر آمادہ کرنے کے لیے اس کے خلاف طاقت یا دباؤ کا استعمال کرنا یا دھمکی دینا؛ یا کسی خاص امیدوار کو ووٹ دینا یا نہ دینا؛

(d) انتخابات میں ووٹ ڈالنا یہ جانتے ہوئے کہ وہ  انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے حقدار نہیں ہیں.

(e) انتخابات میں ووٹ ڈالنا یہ جانتے ہوئے یا  جان بوجھ کر یا لاپرواہی سے ایک انتخابی افسر کو غلط یا گمراہ کن معلومات (مثال کے طور پر غلط بنیادی رہائشی پتہ) دینا۔

(f) دوسرے ووٹرز کے ساتھ بات چیت کرنا بشمول بیلٹ پیپر پر اپنا ووٹ دوسروں کو دکھانا یا پولنگ اسٹیشن کے اندر موبائل ٹیلیفون یا کوئی دوسرا الیکٹرانک آلہ  بات چیت کے  لیے استعمال کرنا.

(g) کسی پولنگ اسٹیشن کے اندر فلم ، تصاویر  یا کوئی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ بنانا۔

(h) ضرورت پڑنے پردوسرے ووٹرز کو اپنے بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کے لیے کہنا  ، آپ پریذائیڈنگ آفیسر سے پولنگ آفیسر کی موجودگی میں اپنے بیلٹ پیپر پر نشان لگانے کی درخواست کرسکتے ہیں۔

(i) دوسرے ووٹرز کے ساتھ مداخلت کرنا جو اپنے ووٹ ڈال رہے ہوں۔

**شفاف انتخابات**

بدعنوانی کے خلاف خود مختار کمیشن (”ICAC“)  کی طرف سے لاگو کیے جانے والے انتخابات(بدعنوان اور غیر قانونی طرزعمل) آرڈیننس (کیپ 554) کے مطابق، ایک ووٹر کو یہ **نہیں** کرنا چاہیے:

- انتخابات میں ووٹ نہ ڈالنے کے لیے یا ایک مخصوص امیدوار کے لیے ووٹ ڈالنے کے لیے یا نہ ڈالنے کے لیے کسی شخص سے کوئی فائدہ (بشمول پیسہ، تحفہ، وغیرہ )، کھانا،پینا یا تفریح قبول کرنا یا مانگنا؛

- کسی خاص امیدوار کو ووٹ دینے یا نہ دینے کے لیے یا کسی بھی فرد کو لالچ کے طور پر تفریح یا انعام انتخابات میں ووٹ نہ ڈالنے کے لیے یا کسے بھی طرح کا فائدہ (بشمول پیسہ ، تحفہ وغیرہ) کھانا ، مشروبات کی پیشکش ؛
- کسی شخص کو انتخابات میں ووٹ ڈالنے یا ووٹ نہ ڈالنے پر آمادہ کرنے کے لیے اس کے خلاف طاقت یا دباؤ کا استعمال کرنا یا دھمکی دینا؛ یا کسی خاص امیدوار کو ووٹ دینا یا نہ دینا؛
- انتخابات میں ووٹ ڈالنا یہ جانتے ہوئے کہ وہ انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے حقدار نہیں ہیں ؛ یا جان بوجھ کر یا لاپرواہی سے ایک انتخابی افسر کو غلط یا گمراہ کن معلومات (مثال کے طور پر غلط بنیادی رہائشی پتہ) دینا۔

ICAC شفاف انتخابات پر ایک مختحص ویب سائٹ اور متعلقہ معلومات (انگریزی اور چائینیز دونوں میں) فراہم کرتا ہے

برائے مہربانی ملاحظہ کریں.www.icac.org.hk/elections